رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehliviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA RANCHI/PATNA
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
RANCHI/PATNA(DAAK) Pages:12 ₹ 4/- Vol:17 Issue: 6058 ● حب الوطنی ● فرض شناسی ● ایثار ﴿یعنی مکمل سچ﴾ 7, ذی الحجہ/ 1445 جمعہ شمارہ نمبر: 6058 سال:17 Friday 14 June 2024

کویت آتشزدگی میں 42 ہندوستانیوں کی موت ☐ ایئرفورس ون سے لاش واپس لائے جائیں گے ☐ لاشوں کی شناخت مشکل

کویت سٹی، (ایجنسیاں)

کویت کے منگاف شہر کی 6 منزلہ عمارت میں بدھ کو آگ لگنے سے 49 مزدوروں کی موت ہوگئی۔ 50 سے زیادہ لوگ زخمی ہیں۔ ہندوستان کے وزارت خارجہ کے مطابق مرنے

- 50 سے زائد افراد زخمی، زخمیوں میں 3 ہندوستانی شامل
- ہندوستانی سفارت خانہ کی جانب سے ہیلپ لائن نمبر +965-65505246 جاری

والوں میں قریب 42 ہندوستانی ہیں۔ اے این آئی کے مطابق ان میں 12 کیرل اور 5 تملناڈو سے تھے۔ کیرالہ کی وزیراعلیٰ وینا جارج کویت کیلئے روانہ ہوچکی ہیں۔ دیگر مہلوکین پاکستان، فلپائنس، بھمار اور نیپال کے ہیں۔ حادثے کے بعد ہندوستان کے وزیرخارجہ نے سفارتی سطح پر رابطہ کیا۔ وزیرخارجہ نے ٹویٹ کرکے بتایا کہ عمارت میں آگ لگنے کی وجہ سے ہونے والے دھماکے کی اطلاع ملی ہے۔ اس کے بعد الٰہ آباد سے ایک ٹیم کویت روانہ ہوگئی ہے۔ ہندوستان کے ایئرفورس ون طیارہ لاشوں کو واپس لانے کیلئے تیار کھڑا ہے۔ وزیر نے کہا کہ جیسے ہی لاشوں کی شناخت ہوجاتی ہے ان کے اہل خانہ کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔ اس کے بعد لاش واپس ہندوستان لائے جائیں گے۔ کویت کے وقت کے مطابق یہ حادثہ بدھ کی صبح قریب 4.30 بجے ہوا۔ 6 منزلہ عمارت کے گراؤنڈ فلور کے کچن میں لگی آگ تیزی سے پوری عمارت میں پھیل گئی۔ اس وقت بھی کافی مزدور سو رہے تھے۔ آگ لگنے کی وجہ سے پتلی گلیوں کے درمیان بنی عمارت کی لوگوں نے کھڑکیوں سے چھلانگ لگادی۔ کئی لوگ عمارت کے اندر ہی پھنسے رہ گئے اور دھوئیں میں دم گھٹنے سے ان کی موت ہوگئی۔ ہندوستان سے کویت پہنچے وزیر خارجہ برائے مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے وہاں کے وزیر عبداللہ علی الیٰنی سے ملاقات کی ہے۔ انہوں نے بھروسہ دلایا ہے کہ وہ لاشوں کو جلد سے جلد ہندوستان پہنچانے میں مدد کریں گے۔

اس سے قبل کویت کے منگاف شہر میں ایک عمارت میں آگ لگ گئی۔ اس میں 41 لوگ مارے گئے ہیں، جن میں کم از کم 10 ہندوستانی ہیں۔ 5 کیرالہ کے رہنے والے تھے۔ حادثہ میں 50 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں، جن میں سے 30 ہندوستانی ہیں۔ خبر رساں ایجنسی رائٹرس کی رپورٹ کے مطابق

نیٹ کے 1563 امیدواروں کے دوبارہ امتحان کی تجویز

مرکز نے سپریم کورٹ میں کہا 23 جون کو امتحان ہوگا، 30 تک ریزلٹ ملے گا

نئی دہلی (ایجنسی)

نیٹ امتحان میں گڑبڑیوں کو لے کر جمعرات کو سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ مرکز کی جانب سے تجویز رکھا گیا کہ گریس مارکس پانے والے 1563 امیدواروں کے اسکورکارڈ رد ہوں گے۔ اس کے بعد بغیر گریس مارکس کے اسکول کا رڈ جاری کئے جائیں گے۔ عدغی گزاروں نے نیٹ امتحان میں 1563 امیدواروں کو دئے گئے گریس مارکس پر اعتراض ظاہر کیا تھا۔ این ٹی اے نے اس معاملے کی جانچ کیلئے ایک کمیٹی بنائی تھی۔ اس کمیٹی نے 10، 11 اور 12 جون میٹنگ کی۔ کمیٹی نے مشورہ دیا ہے کہ گریس مارکس پانے والے 1563 امیدواروں کے اسکورکارڈ رد کئے جانے چاہئے اوران کیلئے دوبارہ امتحان کرائی جانی چاہئے۔ ان طلبا کو بغیر گریس مارکس والے ریجلٹ اسکور بھی بتائے جانے چاہئے۔ امتحان میں گڑبڑی کی شکایت پر کئی ریاستوں کے پائی کورٹ میں بھی عرضی داخل کی گئی ہے۔ ایسے میں جہاں بھی گریس مارکس کو لے کر عرضی لگائی گئی ہے وہاں سپریم کورٹ کی ہدایت نافذ ہوگی۔ سپریم کورٹ میں جمعرات کو نیٹ یو جی 2024 ریزلٹ کو چیلنج دینے والی تین عرضیوں پر سماعت ہوئی ان میں تین مطالبات کی گئی تھی۔ امتحان میں شامل 1563 طلبا کو گریس مارکس دئے گئے جو غلط ہے۔ موجودہ ریزلٹ کی بنیاد پر ہوبہی کاؤنسلنگ کو روکا جائے۔ نیٹ امتحان رد کی جائے اور امتحان دوبارہ کرایا جائے۔ ان میں جمعرات کو گریس مارکس کے ایشو پر سماعت ہوئی ہے۔ وہیں پیپر لیک کے الزام کی عرضی پر 8 جولائی کو سماعت ہوگی۔ مرکزی وزیرتعلیم دھرمندر پردھان نے پیپر لیک کے الزامات کو خارج کرتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ یہ ایک بہت ہی قابل اعتماد ادارہ ہے۔ سپریم کورٹ اس معاملے کی سماعت کررہا ہے اور ہم اس کے فیصلے پر عمل کریں گے۔ ہم پیشگی نہیں کہہ سکتے کہ کسی بھی طالب علم کا نقصان نہ ہو۔ اس سے پہلے 11 جون کو سپریم کورٹ نے طالب علم شیوانگی مشرا اور 9 دیگر طلبا کی عرضی پر سماعت کی تھی۔ اے۔ ریزلٹ کے اعلان سے پہلے کم جون کو واپس کیا گیا تھا۔ امیدوار نے بہار اور راجستھان کے امتحان سنٹرس پر غلط سوالنامہ تقسیم کے چلتے ہوئی گڑبڑی کی شکایت کی تھی اور امتحان رد کراس آئی ٹی چانچ کا مطالبہ کیا تھا۔ حالانکہ سپریم کورٹ نے نیٹ کاؤنسلنگ پر روک لگانے سے انکار کردیا تھا اور این ٹی اے کو نوٹس جاری کیا تھا۔ عدالت نے نیٹ یو جی 2024 میں بیٹھے لیک، گریس مارکنگ سمیت دیگر گڑبڑیوں پر سوال اٹھائے تھے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس امان اللہ کی بنچ نے کہا تھا کہ امتحان کی شفافیت متاثر ہوئی ہے، ہمیں جواب چاہئے۔

پی ایم کی جموں۔کشمیر کو لے کر میٹنگ

وزیراعلیٰ۔ این ایس اے سے بات چیت، سیکورٹی اہلکاروں کی تعیناتی پر غور وخوض

سری نگر (ایس این بی) وزیراعظم نریندر مودی جمعرات (13 جون) کو جموں۔ کشمیر میں ہوئے دہشت گردانہ واقعات کو لے کر میٹنگ کی۔ اس میں این ایس اے اجیت ڈوبھال سمیت کئی سیکورٹی ایجنسیوں کے افسران شامل ہوئے۔ میٹنگ میں پی ایم مودی کی دہشت گردوں کے خلاف کی جانے والی کارروائی کی جانکاری دی گئی۔ پی ایم نے جموں۔ کشمیر کے ڈپٹی گورنر منوج سنہا سے بھی بات چیت کی۔ انہوں نے وہاں کے حالات کے بارے میں جانکاری دی۔ اس کے علاوہ وزیراعظم نے سیکورٹی اہلکاروں کی تعیناتی کو لے کر ڈوڈا میں امت شاہ سے بھی بات چیت کی۔ جموں۔ کشمیر کے ریاسی، کٹھوا اور ڈوڈا میں گزشتہ چار دنوں میں چار دہشت گردانہ حملے ہوئے ہیں۔ اس میں 9 عقیدتمندوں کی جان چلی گئی۔ ایک جوان شہید ہوا اور دو دہشت گرد مارے گئے۔ چاروں واقعات میں 6 جولائی سمیت کل 49 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ کٹھوا میں شبیر احمد خان کے ایک اوور گراؤنڈ ورکر (ڈوڈا بلوچی) کو پکڑا گیا ہے جو دہشت گردوں کی مدد کررہا تھا۔ اس کے پاس سے اسلحہ بھی برآمد ہوئے ہیں۔ جموں وکشمیر کی سرحدی راجدھانی جموں کے نزدیک علاقے میں سیکورٹی فورسز نے بڑے پیمانے پر تلاشی آپریشن شروع کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ نزدیک کے نزدیک دو مشتبہ افراد کو دیکھا گیا جس کے بعد جموں شہر میں سیکورٹی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق جمعرات کے روز جموں کے نزدیک علاقے میں دو مشتبہ افراد کو ہتھیار رسید مشکوک حالت میں گھومتے ہوئے دیکھا گیا۔

راجیہ سبھا کیلئے اجیت پوار کی نامزدگی

صمبھاجی (ایس این بی)

مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی اہلیہ سنیترا پوار جمعرات کو راجیہ سبھا کیلئے نامزد داخل کیا۔ این ایس پی (اجیت گروپ) کے ایم پی پٹیل نیل کنٹھ کے استعفیٰ کے بعد یہ سیٹ خالی ہوئی تھی۔ سنیترا پوار نے مہاراشٹر کی راجدھانی ممبئی سے انتخاب لڑا تھا۔ ان کے سامنے شرد پوار کی بیٹی سپریہ سولے تھیں۔ انتخاب میں سنیترا اپنی ماں سے تقریباً ڈیڑھ لاکھ ووٹوں سے ہارگئی تھیں۔ مہاراشٹر کے وزیر چھگن بھجبل نے کہا کہ پارٹی کے کورگروپ کے ارکان نے سنیترا پوار کو راجیہ سبھا بھیجنے کا فیصلہ اتفاق رائے سے کیا ہے۔ کئی لوگ وزیر بننا چاہتے تھے لیکن چونکہ یہ فیصلہ کیا ہے بعد میں انہے فیصلہ کیا ہے کہ سنیترا پوار کو راجیہ سبھا بھیجا جاتا چاہئے۔ میں اس فیصلے سے بالکل بھی پریشان نہیں ہوں۔ این پی لیڈر پرفل پٹیل 2022 کے راجیہ سبھا انتخاب سے زوری میں استعفیٰ دیا تھا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس میں لکھا تھا کہ مجھے 2028-2022 کے مدت کار کیلئے راجیہ سبھا ایم پی کے طور پر منتخب کیا گیا تھا۔ میں نے راجیہ سبھا کے اپنے چار سال پرانے مدت کار سے استعفیٰ دے دیا ہے کیونکہ میں ایک نئے مدت کار کیلئے راجیہ سبھا میں منتخب ہوگیا ہوں۔ نیا مدت کار 2024 سے 2030 تک اڑان بھرے گا۔ اس لئے میں 2030 تک ایوان کا رکن بنا رہوں گا۔ اسی وجہ سے این پی پی (اجیت گروپ) کی ایک راجیہ سبھا ایم پی کی جگہ خالی تھی۔ اس سیٹ کے مدت کار میں چار سال باقی ہیں۔ اب یہاں سے سنیترا پوار راجیہ سبھا بھیجی گئی۔

آندھراپردیش کو غربت سے پاک ریاست بنانے کا عزم

حیدرآباد (یواین آئی)

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو نے کہا ہے کہ ہم نے ماضی میں کئی انتخابات دیکھے ہیں، اس مرتبہ عوام نے تاریخی فیصلہ دیا ہے۔ انہوں نے اپنے ارکان خاندان کے ساتھ ترمولا میں پوجا کے بعد خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مشن معاشی عدم مساوات کو ختم کرنا ہے۔ وہ آندھراپردیش کو غربت سے پاک ریاست بنانا چاہتے ہیں۔ ان کی خواہش ہے کہ جنگلوں دنیا میں اعلیٰ ترین سطح پر ہو۔ انہوں نے کہا کہ لاپرواہ حکمرانی کی وجہ سے ریاست ترقی میں 20 سال پیچھے چلی گئی ہے۔ وائی ایس آر کانگریس کی قیادت والی جگن موہن ریڈی حکومت اور ریاست میں اس کے بعد کو کوئی "تغلق" راج نہیں رہا۔ نائیڈو نے کہا کہ ان کی بنیادی توجہ کرپشن سے پاک حکمرانی فراہم کرنا ہے۔ نئی حکومت سماج کے تمام طبقات کے مفادات کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی تحریک قیادت میں ہم ہمہ جہت ترقی کریں گے اور ملک جلد ہی دنیا کے عظیم ترین ممالک میں سے ایک بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں ریاست اور تلگو قوم کے لئے کیا کرنا ہے کیونکہ اسی بیچ میں ان پر ہوئے کئی سال پہلے ہوئے حملہ کے بعد بھگوان نے انہیں زندگی کی بھیک دی۔

ایم پی۔ راجستھان سمیت 14 ریاستوں میں ہیٹ ویو کا الرٹ

نئی دہلی (ایجنسی)

ملک کے جنوبی ریاستوں میں وقت سے پہلے ونٹک دینے کے بعد مانسون گزشتہ پڑ گیا ہے۔ اس کی وجہ سے شمالی اور مشرقی ہندوستان میں ہیٹ ویو کا اثر پھر سے شروع ہوگیا ہے۔ جھارکھنڈ میں ہیٹ ویو سے 3 لوگوں کی موت ہوگئی۔ ان میں ایک مہلوک رام گڑھ اور دو جمشید پور کے تھے۔ اترپردیش، ہریانہ، جھارکھنڈ، دہلی، پنجاب اور شمالی راجستھان کے کئی مقامات پر بدھ (12 جون) کو درجہ حرارت 45 سے 47 ڈگری تک ریکارڈ کیا گیا۔

یوپی کا کانپور 47.5 ڈگری درجہ حرارت کے ساتھ سب سے گرم رہا۔ ملک کے 14 ریاستوں میں آج بھی ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کیا گیا ہے ان میں اترپردیش، راجستھان، مغربی بنگال، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اڈیشہ شامل ہے۔ ارتھ سائنس کے سابق سکریٹری مادھون راجیون نے کہا کہ آئندہ 8-10 دن تک مانسون کے تیزی سے آگے بڑھنے کی امید نہیں ہے۔ بہار اور جھارکھنڈ میں 16 سے 18 جون تک مانسون کے پہنچنے کا انداز ہے۔ یہ 20 سے 30 کے درمیان اترپردیش اور 27 جون کے آس پاس دہلی پہنچ سکتا ہے۔ دوسری طرف سکم کے متعدد ضلع میں لگاتار بارش کی وجہ سے جمعرات کو لینڈ سلائڈ ہوا۔ اس میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔ پانچ لوگ لاپتہ ہوگئے۔ لینڈ سلائڈ کی وجہ سے کئی سڑکیں بند ہوگئیں۔ کئی گھر پانی میں ڈوب گئے۔ کئی بجلی کے کھمبے بھی بہہ گئے۔

مانسون متوقع وقت سے 4 دن پہلے گجرات پہنچ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگر حالات اچھے رہے تو مانسون کے 20 سے 22 جون تک ہماچل پردیش پہنچنے کی امید ہے۔ یہ 15 جون تک مدھیہ پردیش میں داخل ہوسکتا ہے۔ فی الحال مہاراشٹر میں بارش کا اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ہماچل میں موسمی مرکز نے 12 اور 13 جون کو بجلی اور درمیانی پہاڑیوں میں خشک موسم اور 12 سے 14 جون تک اونچی جگہوں پر بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

حماس کا غزہ جنگ بندی کی تجویز کیلئے نئے خیالات پیش کرنے سے انکار

غزہ، (یو این آئی)

حماس نے غزہ جنگ بندی کی تجویز کے لیے نئے خیالات پیش کرنے سے انکار کیا ہے۔ حماس نے بدھ کے روز ان دعووں کی تردید کی ہے کہ اس نے غزہ پٹی میں اقوام متحدہ کی حمایت یافتہ جنگ بندی کی تجویز پر نئے خیالات پیش کیے ہیں۔ ایک ذمہ دار نے یہ اطلاع دی۔ حماس کے ایک قریبی ذریعے نے کہا'' ہم نے جو کچھ کیا وہ ثالثوں کی جانب سے گزشتہ 5 مئی کو پیش کردہ اپنے عزم کا اعادہ کرنا تھا، اور ہم نے کسی نئے آئیڈیاز یا تجاویز پر بات نہیں کی۔'' ذریعے نے دعویٰ کیا کہ اس تجویز میں ایسی شقیں شامل ہیں کہ اگر بات چیت کے ثبت نتائج نہیں نکلتے ہیں تو یہ اسرائیل کو دوسرے مرحلے کے بعد دوبارہ جنگ شروع کرنے کی اجازت دیتی ہیں۔ ذریعے نے کہا کہ''ہم نے اسرائیل کو جنگ دوبارہ شروع کرنے سے روکنے اور معاہدے کے مراحل کی شرائط پر عمل کرنے کے لیے سرکاری ثبوت الاقوامی گارنٹی کی درخواست کی ہے۔''

مختصر خبریں

ہماچل پردیش نے کہا کہ ہمارے پاس دہلی کیلئے پانی نہیں

نئی دہلی (ایجنسی) دہلی میں پانی بحران کو لے کر جمعرات (13 جون) کو سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ ہماچل پردیش نے عدالت سے کہا کہ اس کے پاس دہلی کو دینے کیلئے 136 کیوسک پانی نہیں ہے۔ ایک دن پہلے ریاست نے کہا تھا کہ اس کی طرف سے پانی چھوڑا جارہا ہے۔ ہریانہ کی طرف سے پانی سپلائی کیا جارہا ہے۔ جسٹس پرشانت کما رمشرا اور جسٹس پرشانی براہے کی بنچ نے کہا کہ ریاستوں کے درمیان پانی کی تقسیم ایک سنگین اور حساس مسئلہ ہے۔ ہمارے پاس دہلی، ہریانہ اور ہماچل پردیش کے درمیان پانی تقسیم کے فارمولے پر فیصلہ لینے کی کمیٹیکل اکیسپرٹیز نہیں ہے۔ سپریم کورٹ نے دہلی کو پانی دینے کا فیصلہ لیڈ یشن ریور بورڈ پر چھوڑ دیا۔ عدالت نے کہا کہ یمونا ریور بورڈ نے پہلے ہی دہلی کو انسانی بنیاد پر پانی کی سپلائی کیلئے درخواست جمع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اگر دہلی سرکار نے انتظامیہ نہیں دیا ہے تو آج شام 5 بجے تک دے دیں۔ عدالت نے یمونا ریور بورڈ کو جمعہ (14 جون) کو ایک میٹنگ بلا کر دہلی سرکار کے انتظامیہ پر جلد فیصلہ لینے کی ہدایت دی ہے۔ ساتھ ہی کہا کہ اگر ضرورت ہو تو روز میٹنگ کیجئے۔

افغانستان: سڑک حادثہ میں 11 ہلاک

کابل (یو این آئی) شمالی افغانستان کے قریب صوبے میں بدھ کو ایک سڑک حادثے میں کم از کم 11 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوگئے۔ ایک مقامی عہدیدار نے یہ اطلاع دی۔ اطلاعات و ثقافت کے صوبائی ڈائریکٹر مولوی شمس الدین محمدی نے بتایا کہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک گاڑی سڑک سے ٹکل کر صوبائی دارالحکومت میمنہ شہر میں ایک رہائشی مکان کی دیوار سے ٹکرائی۔ مسٹر محمدی نے کہا کہ متاثرین میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی وجوہات کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ کھیڑ بھارواڑی سڑکوں پر لاپرواہی سے گاڑی چلانا اور خشہ حال شاہراہوں پر ٹریفک کنٹرول کی کمی افغانستان میں ٹریفک حادثات کی کچھ وجوہات ہیں۔

ٹرک۔کار کے ٹکر میں 3 کی موت

جے پور (یو این آئی) راجستھان میں بے پور ضلع کے رائے پور کے قریب ٹرک اور کار کے درمیان ٹکر میں پانچ سالہ بچی سمیت تین افراد کی موت اور ایک خاتون شدید زخمی ہوگئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہائی وے پر رہنے والے کچھ لوگ کھٹوشیام جی کے درشن کر کے واپس لوٹ رہے تھے۔ اس دوران کل دیر رات منور پور۔ دوسا قومی شاہراہ پر ان کی کار کو ایک ٹرک نے ٹکر ماردی۔ اس واقعے میں دو کاروں میں سوار دو افراد اور ایک پانچ سالہ بچی موقع پر ہی دم توڑ گئی جبکہ ایک خاتون شدید زخمی ہوگئی۔

جمعیۃ علماء الہند
JAMIAT ULMA-I-HIND
1, BAHADUR SHAH ZAFAR MARG, NEW DELHI-110002
Phone : 011-23766599, 23738258 E-mail: juh.org2010@gmail.com
بسم اللہ الرحمن الرحیم
موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے
جمعیۃ علماء ہند کا مسلمانوں کو مشورہ
اسلام میں قربانی کا کوئی بدل نہیں ہے یہ ایک مذہبی فریضہ ہے جس کی ادائیگی ہر صاحب حیثیت مسلمان پر واجب ہے، اس لیے جس پر قربانی واجب ہے اسے ہر حال میں یہ فریضہ ادا کرنا ہے۔
قربانی کرتے وقت حکومتی ہدایات کی مکمل طور پر پاسداری کریں، ممنوعہ جانور کی قربانی سے بچیں، چونکہ مذہب میں اس کے بدلے کالے جانور کی قربانی جائز ہے، اس لیے کسی بھی فتنہ سے بچنے کے لئے اس پر اکتفا کیا جانا بہتر ہے، ذبیحہ کی کوئی تصویر سوشل میڈیا وغیرہ پر شیئر نہ کریں۔
اگر کسی جگہ شر پسند عناصر کالے جانور کی قربانی سے بھی روکتے ہیں تو کچھ سمجھدار اور بااثر لوگوں کے ذریعہ ایڈمنسٹریشن (انتظامیہ) کو اعتماد میں لیکر قربانی کی جائے۔ اگر پھر بھی خدانخواستہ اس مذہبی واجب کو ادا کرنے کا کوئی راستہ نہ نکلے تو جس قریبی آبادی میں کوئی دشواری نہ ہو وہاں قربانی کرادی جائے۔
لیکن جس جگہ قربانی ہوتی آئی ہے اور فی الحال دشواری ہے وہاں کم از کم بکرے کی قربانی ضرور کی جائے اور انتظامیہ کے دفتر میں اندراج بھی کرادیا جائے تاکہ مستقبل میں کوئی دشواری نہ ہو۔
صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں اور جانوروں کے فضلات کو سڑکوں، گلیوں اور نالوں میں نہ ڈالیں بلکہ آلائش کو اس طرح دفن کردیا جائے کہ اس سے تعفن (بدبو) نہ پھیلے، اپنی جانب سے ہر ممکن کوشش کی جائے کہ ہمارے عمل سے کسی کو اذیت نہ پہنچے۔
فرقہ پرست عناصر کی طرف سے کسی طرح کی اشتعال انگیزی پر صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور معاملہ کی شکایت متعلقہ پولس تھانوں میں درج کرائیں۔
(مولانا) ارشد مدنی
صدر جمعیۃ علماء ہند
شعبۂ نشر واشاعت جمعیۃ علماء ہند۔ بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی